PRESS RELEASE پریس ریلیز (also emailed*/faxed separately)

# رائے عامہ سروے

## موضوع: " سماجی

## " صنف"

## 8 میں سے 7

## دنیا بھر سے، 6% جوابدہندگان نے گزشتہ ایک سال کے دوران اپنے ساتھ جنسی زیادتی ہونے کا دعوی کیا۔ پاکستانیوں کی نسبتاً کم شرح (1%) نے ایسے خیالات کا اظہار کیا۔

**(گیلپ & ون ورلڈ سروے 2019)،**

اسلام آباد، 17 مارچ، 2020

ون ورلڈ سروے (سروے کرنے والی کمپنیوں کی ایسوسی ایشن) کے مطابق، دنیا بھر میں6% جوابدہندگان کے مطابق اُنھیں گزشتہ ایک سال کے دوران جنسی زیادتی کا سامنا کرنا پڑا۔

یہ پول خواتین کے عالمی دن جو ہر سال 8 مارچ کو منایا جاتا ہے کے اعزاز میں جاری کیے جانے والے پول کی سیریز کا حصہ ہے۔


دنیا بھر سے 40 ممالک میں 29,368 خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ، "**کیا گذشتہ12 ماہ میں خدانخواستہ آپ کے ساتھ جنسی زیادتی کا کوئی واقعہ پیش آیا یا کسی نے آپ کے ساتھ جنسی زیادتی کرنے کی کوشش کی؟**"، اس سوال کے جواب میں6% جوابدہندگان کے مطابق اُنہیں گزشتہ ایک سال کے دوران جنسی زیادتی کا سامنا کرنا پڑا ہے، جبکہ 92%جوابدہندگان کے مطابق اُنھیں جنسی زیادتی کا سامنا نہیں کرنا پڑا ہے، تاہم 2% جوابدہندگان نے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

## پاکستان میں تقریبا 1.2 ملین بالغ جوابدہندگان کوجنسی زیادتی کا سامنا کرنا پڑا۔

پاکستانیوں کی نسبتاً کم شرح، (1%) جوابدہندگان کا دعوی ہے کہ وہ گزشتہ ایک سال میں جنسی زیادتی کا شکار ہوئے، تاہم 4% جوابدہندگان نے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

*نوٹ: موضوع کی حساسیت اوررسوائی کو مدنظر رکھتے ہوئے، یہ اعداد و شمار ان لوگوں کی اصل تعداد سے بہت کم ہو سکتے ہیں جن کو جنسی طور پر ہراساں ہوتے کا سامنا کرنا پڑا۔*

"کیا گذشتہ**12** ماہ میں خدانخواستہ آپ کے ساتھ جنسی زیادتی کا کوئی واقعہ پیش آیا یا کسی نے آپ کے ساتھ جنسی زیادتی کرنے کی کوشش کی؟"





*Source: WIN World Survey 2019*

*Field work in Pakistan conducted by Gallup & Gilani Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association*

## دنیا بھر میں جنس کے نتائج کی بنیاد پر: خواتین اور طالباء کی زیادہ اکثریت نے جنسی زیادتی کا سامنا کرنے کا دعوی کیا۔

جنس کے نتائج سے پتہ چلتا ہے کہ گزشتہ ایک سال کے دوران 3% مرد حضرات اور 9%خواتین کو گزشتہ سال جنسی زیادتی کا سامنا کرنا پڑا۔ خواتین میں، 25 سے 34 سال کی عمر سے تعلق رکھنے والی خواتین میں سے 12%خواتین کا دعوی ہے کہ اُنھیں جنسی زیادتی کا سامنا کرنا پڑا، 65 سال یا اس سے زائد عمر کی خواتین میں سے 2% خواتین نے جنسی زیادتی کا سامنا کیا۔ طلباء خواتین کی سب سے زیادہ تناسب (17%) نے جنسی زیادتی کا سامنا کیا۔




*Source: WIN World Survey 2019*

*Field work in Pakistan conducted by Gallup & Gilani Pakistan , the Pakistani affiliate of Gallup International Association*

**ممالک کے لحاظ سے تجزیہ: سب سے زیادہ تناسب نے جنسی زیادتی کا سامنا پیرو میں کیا گیا۔**

پیرو (19%) میں اُن جوابد ہندگان کا تناسب سب سے زیادہ تھا جنھیں گزشتہ ایک سال میں جنسی زیادتی کا سامنا کرنا پڑا، اس کے بعد میکسیکو میں یہ شرح 17% ہے۔ انڈونیشیا، اٹلی، چین اور ویتنام میں اس حوالے سے شرح سب سے کم ہے جن کے مطابق اُنھیں جنسی زیادتی کا سامنا کرنا پڑا جو کہ 1% سے کم ہے۔

یہ مطالعہ ڈبلیو ڈبلیو ایس (ون ورلڈ وائیڈ سروے) کے سروے کے حصے کے طور پر جاری کیا گیا، یہ سروے ہر سال کیا جاتا ہے جس کا مقصد معاشرے اور کاروبار سے متعلقہ موضوعات سے متعلق لوگوں کے خیالات، توقعات، خدشات کو جان سکیں۔ دنیا بھر سے 40 ممالک سے کل 29،368 افراد سے انٹرویو لیا گیا۔ جو کہ اکتوبر 2019 تا دسمبر 2019 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 2.4% سے لے کر 4.4% لگایا گیا ہے۔ گلوبل ایوریج کا تخمینہ سروے منعقد کئے جانے والے ممالک کی بالغ آبادی کے تناسب سے لگایا گیا ہے۔

***Opinion Poll from Gallup & Gilani Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Tuesday, 17 March 2020**

*(2 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not for profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*

*Ms. Fatima Idrees*
*Phone: +92-51-2655630*
*E-mail:* fatima.idrees@gilanifoundation.com

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website:* *www.gallup-international.com*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan and Gilani Research foundation are a nonpartisan fact tank and think tank respectively. As a neutral source of data and analysis, both organizations do not take policy positions.*

Daily Gilani Poll
2020

celebrating
40
years
of Gallup Pakistan
(1980-2020)